اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

ہر سطح کی شعبہ مشاورتوں کو up date کرنے والے مدنی پھول برائے ہفتۂ دعائے صحت

رسولِ پاک کی دکھیاری امت پر عنایت کر　　　مریضوں، غمزدوں، آفت نصیبوں پر کرم مولیٰ

(وسائلِ بخشش ص99)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! آقا صلی اللہ علیہ وَاٰلِہٖ وسلم کی دکھیاری امّت کی غم خواری اور دل جُوئی کے عظیم جذبے کے تحت دعوتِ اسلامی کے تحت بیماروں کی عیادت اور دعاؤں کے لئے **"ہفتہ دعائے صحت"** (ذوالحجۃ الحرام کے چوتھے ہفتے سے اجتماع والے دن کے بعد سے مزید 6 دن تک منایا جارہا ہے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم)

ہر سطح کی شعبہ مشاورتیں

نیت فرمالیں کہ دعائے صحت اجتماع کے دینی کاموں میں نہ صرف خود حصّہ لیں گی بلکہ دیگر اسلامی بہنوں کو بھی اس کی ترغیب دلائیں گی۔

اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم!

☆ شعبہ مشاورتیں اپنے زیرِ حدود تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) میں انفرادی طور پر بیمار پڑوسیوں ،عزیز رشتے داروں اور جن ذمّہ داران کے اپنے گھروں میں والدہ، بہن، بھابھی، بچوں کی دادی، نانی، چاچی، پھوپھی وغیرہ اگر بیمار ہوں تو اللہ پاک کی رضا اور اچھی اچھی نیتوں کے ساتھ عیادت کے لئے جائیں۔

☆ جہاں اجتماع میں روحانی علاج کا بستہ لگتا ہو وہاں روحانی علاج کے بستے کی بھی ترغیب دلائی جائے۔

☆ شعبہ رابطہ کی ذمّہ داران چھوٹے بڑے ہسپتال، کلینک وغیرہ جہاں دعوتِ اسلامی کا دینی کام ہے، پردے کی رعایت کے ساتھ بیماروں کی عیادت اور ان کے لئے دعائیں کریں۔

☆ عیادت سے قبل ہر اسلامی بہن مکتبۃ المدینہ کا مطبوعہ رسالہ "نہر کی صدائیں" میں صفحہ 19 تا 23 پر موجود عیادت کے مدنی پھول کا اچھی طرح مطالعہ فرمالیں۔

عالمی مجلس مشاورت

﴿دعوتِ اسلامی﴾